اب آٹا وہاں پر تین سو اور یہاں پر سات سو روپے فی بیگ بکا ہو گا اور بجلی کی یہ حالت ہے جناب سپیکر، اور کیوں ہے ؟ میں ابھی آپ کو بتا دوں کہ کیوں ہے، جناب سپیکر ؟ اس وقت ساڑھے چار ہزار میگا واٹ شارٹ فال ہے اور ساڑھے چار ہزار میگا واٹ شارٹ فال کیوں ہے، جناب سپیکر ؟ آپ کا جو مظفر گڑھ پاور ہاؤس ہے اور کوٹ ادھو پاور ہاؤس ہے، جو دونوں گیس سے چل رہے ہیں جناب سپیکر، وہ 50% پیداوار نہیں دے رہے ہیں کیونکہ وہاں زمزمہ اور سپین پوست ہے، ان کو گیس نہیں مل رہی ہے، تو گیس کے نہ ملنے کی وجہ سے وہاں پر پیداوار 50% ہو گئی جس کا خمیازہ ہم یہاں بھگت رہے ہیں کیونکہ ان لوگوں کو، ان کے کارخانوں کو بجلی دینا ضروری ہے تو اسلئے ان کے کارخانوں کو چلانے کیلئے جناب سپیکر، لوڈ شیڈنگ کا خمیازہ ہمیں یہاں بھگتنا پڑ رہا ہے۔ آپ اگر تھرمل کو دیکھیں جناب سپیکر، تو تیل کے پیسے یہ نہیں دے رہے، اسلئے وہاں پر تیل کی سپلائی کم ہو کر، وہاں پر تھرمل بجلی جو تیل سے بنتی ہے، اس کی پیداوار بھی کٹ کر دی گئی۔ اب جناب سپیکر، پھر جو تیسرا Source ہے، ہائیڈل، یہ میں کہتا ہوں کہ یہ سر، ناانصافی کی حد ہے کہ منگلا جو آپ کو ایک ہزار میگا واٹ Some thing بجلی پیدا کرتا ہے، اب جناب سپیکر، آپ سمجھیں کہ دس ہزار کیوسک اس کی ریلیز ہے آج، جو اس کی Capacity ہے وہ بیس ہزار، جب وہ ایک ہزار سے زیادہ میگا واٹ پیدا کریگا تو بیس ہزار کیوسک پانی کو چھوڑ کر وہ یہ بجلی پیدا کریگا۔ چونکہ ابھی بارشیں ہوئی ہیں اور پنجاب میں پانی کی ضرورت نہیں ہے تو انہوں نے یہ پانی بیس ہزار کی بجائے دس ہزار کیوسک ریلیز کر دیا اگرچہ جناب سپیکر، تین فٹ، چار فٹ منگلا ڈیم اپنی Height سے کم ہے تو جناب سپیکر، یہ ناانصافی کی انتہا ہے کہ وہ اپنے پانی کو سٹور کرانے کیلئے کہ زیادہ پانی نہ بہے، نیچے نہ جائے، انہوں نے بجلی کی پیداوار کو سات، ساڑھے سات سو میگا واٹ کم کر دیا ہے وہاں پر۔ یہ حال جناب سپیکر، تربیلہ کا ہے کہ صرف چھپن ہزار کیوسک وہ غازی بروتھا میں چھوڑ رہے ہیں تاکہ ان کے غازی بروتھا کا پاور ہاؤس پورا 1450 پر چلے کیونکہ آپ کا غازی بروتھا پاور ہاؤس صرف، جو پانی آ رہا ہے تربیلہ سے، جو پنجاب کا حصہ ہے جو IRSA Indus Water Treaty کے مطابق آپ کے دریا سے چھپن ہزار کیوسک پانی ان کا حصہ ہے، وہ Ensure کر رہے ہیں کہ ان کا غازی بروتھا Full speed سے چلے تاکہ ان کو 1450 میگا واٹ کی رائلٹی اور نٹ پرافٹ ملے جناب سپیکر، وہ تو چھوڑ رہے ہیں لیکن تربیلہ کو بھی زیادہ نہیں کر رہے تاکہ بجلی کی پیداوار کم ہو۔ اب جناب سپیکر، کہاں کا انصاف ہے کہ اپنے پانی کو بچانے کیلئے وہ یہ حرکت کر رہے ہیں کہ بیس ہزار کیوسک کی بجائے دس ہزار کیوسک پانی چھوڑ رہے ہیں منگلا میں ؟ اگرچہ پانی تقریباً سرے تک پہنچ چکا ہے، تین چار

فٹ رہ گیا ہے، اس کی بھی یہ حالت ہے، تربیلا کی بھی یہ حالت ہے، گیس ان کو نہیں ملتی، ہمیں مصیبت میں ڈالا ہوا ہے جناب سپیکر۔ آپ ان گرمی کے دنوں میں دیکھیں جناب سپیکر، دس دس گھنٹے، بارہ بارہ گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے۔

جناب سپیکر: ہاں صحیح ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: اب ہر کسی کے گھر میں تو جنریٹر نہیں ہو سکتا جناب سپیکر۔ اور جناب سپیکر، وزیر اعلیٰ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان کو بتادوں، ابھی آپ کا واپڈا، جو آپ کی بلنگ کی جو قیمت بڑھ رہی ہے، آپ اس کو دیکھیں گے، مطلب ہے قیامت کا منظر پیش کریگی لیکن ایک بات آپ نوٹ کریں جناب سپیکر، کہ پچاس یونٹس بجلی کا جو ریلیف ہے، جو عام Consumer پچاس یونٹس تک بجلی خرچ کرتا ہے، اس کا ریٹ بجلی کا انتہائی کم ہوتا ہے، سب سے کم ہوتا ہے لیکن پچاس یونٹس، آپ کے Consumers کہتے ہیں اس صوبے کے، سارے پاکستان کی آپ کی بجلی کا نٹ پرافٹ جو آپ کا حق ہے، تو مثال کے طور پر بجلی جس ریٹ پر بکے یعنی سات روپے فی یونٹ قیمت ہے، وہ آپ کو پچاس یونٹس پچاس پیسے فی یونٹ دیتے ہیں تو جناب سپیکر، سات روپے اور پچاس پیسے میں جو ساڑھے چھ روپے کا گیپ ہے، تقریباً 80%، وہ پنجاب اور سندھ میں جا رہا ہے۔ جناب سپیکر، وہ آپ کے نٹ پرافٹ سے کاٹ رہے ہیں۔ دیکھیں نا اگر وہ بجلی کی قیمت کم لینگے یعنی نٹ پرافٹ تو یہ ہے کہ جتنے پر بیچیں گے، اس حساب سے کرینگے تو جب وہ پچاس پیسے یونٹ بجلی بنائیں گے اور پچاس پیسے وہاں ان پر بیچیں گے تو آپ کو نٹ پرافٹ ایک پیسہ بھی نہیں ملے گا تو Consumers کی تعداد، صوبہ سرحد کی پاپولیشن تو سر، ٹوٹل چودہ پرسنٹ ہے تو چودہ پرسنٹ میں آپ پچاس یونٹس پر حساب لگائیں اور پھر جناب سپیکر، جو بڑی وہ ہے کہ جو ٹیوب ویلز کیلئے جناب سپیکر، سبسڈی ہے، وہ بھی آپ کے نٹ پرافٹ سے کاٹی جا رہی ہے۔ چالیس اور پینتالیس ہزار ٹیوب ویلز پنجاب اور سندھ میں کام کر رہے ہیں۔ وہ چالیس اور پچاس ہزار ٹیوب ویلز کو جب سبسڈی ملتی ہے تو وہ آپ کے نٹ پرافٹ کے شیئر میں سے وہ ختم ہو جاتی ہے تو جناب سپیکر، ہم سمجھتے ہیں کہ وزیر اعلیٰ صاحب مرکز سے، کہ کم از کم ہمیں تو یہ ایک ہزار میگاواٹ۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ۔۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں تو آرٹیکل 151 یا 157 ہے، آپ کے پاس ہے Constitution کی کتاب؟

جناب سپیکر: چلو یہ پوائنٹ اسرار اللہ گنڈاپور اٹھالے گا۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، میں یہ بتادوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کچھ تو ان کو بھی چھوڑ دیں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، ان کے پاس بہت زیادہ ہے۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر: ان کا Right بھی آپ کو مل گیا۔ اسرار اللہ خان! دے دیں؟ تۂ بہ ځان لہ خبرے کوے ؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: او جی۔۔۔۔

جناب عبدالاکبر خان: ہاں جناب سپیکر، یہ آرٹیکل 157 کا سب آرٹیکل (2) ہے، یہ وزیر اعلیٰ صاحب کی خدمت میں، اور بشیر خان کو تو پتہ ہے، یہ تو سب جانتا ہے لیکن اب جناب سپیکر، "The Federal۔۔۔

جناب سپیکر: کونسا؟

جناب عبدالاکبر خان: اس میں جو (2) سیکشن ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بتادیں، کونسا، کیا نمبر ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: 157 مل گیا ہے؟ (2) 157؟

(شور)

Mr. Abdul Akbar Khan: "157 (2) The Government of a Province may___

(a) to the extent electricity is supplied to that Province from the national grid, require supply to be made in bulk for transmission and distribution within the Province;"

یعنی یہ صوبائی حکومت کا کام ہے کہ وہ یہ چیز کرے۔ اچھا، دوسرا کیا کام ہے؟

"(b) levy tax on consumption of electricity within the Province;"

یہ ٹیکس اور یہ جو قیمت ہے، یہ بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔

"(c) construct power houses and grid stations and lay transmission lines for use within the Province;"

یہ بھی آپ کی ہے،

"and (d) determine the tariff for distribution of electricity within the Province."

جناب سپیکر! پراونس کیساتھ یہ سارے اختیارات ہیں۔ میں تو سمجھتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ تو وہ شیڈو والا، وہ تو نہیں؟

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، 157، یہ Constitution والا ہے، Constitution کا مطلب یہ ہے کہ وہ تو سارے پاکستان کیلئے ہے تو جناب سپیکر، میں تو کہتا ہوں کہ جی ایک Strongly اگر آپ، ریزولیوشن سے تو ہمارا کام نہیں چلتا، بشیر خان کو پتہ ہے ہم نے کتنے ریزولیوشنز پاس کئے، میں تو کہتا ہوں ایک لانگ مارچ ہمیں کرنا چاہیئے اسلام آباد تک تاکہ وزیراعظم ہاؤس جائیں، وزیراعظم صاحب شریف آدمی ہیں (تالیاں) ان کے ساتھ مل کران سے کہہ دیں کہ یہ ساڑھے چار ہزار میگاواٹ ہم پیدا کر رہے ہیں تو خدارا اس میں سے کم از کم ایک ہزار میگاواٹ تو اس صوبے کو دیں اور اس لوڈ شیڈنگ سے ہماری جان چھڑوادیں۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: جی اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔ سر، اس موضوع پہ اگرچہ تفصیلی بحث ہو چکی ہے لیکن اور بھی ممبران ہیں، ان کے اپنے حلقوں کے مسائل ہیں اور اگر آج آپ دیکھیں تو یہ ہمارے صوبے کا، جیسے عبدالاکبر خان نے کہا کہ دہشتگردی کے بعد سب سے بڑا مسئلہ ہے، امن وامان کے بعد یہ سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ کل سر، بہتر یہ ہوتا کہ پیسکو حکام موجود تھے، وہ اگر ہماری فریاد سن لیتے تو شاید ان کے دلوں میں بھی یہ بات آجاتی کہ ان کا کام بھی صرف نوکری کرنا نہیں ہے، نوکری بچانا نہیں ہے بلکہ اس صوبے کے عوام کا پرسان حال بھی ہونا ہے۔ کل جناب سپیکر، ہم نے وہ موقع گنوادیا اور جب ڈھائی گھنٹے کی آپ نے اور ہم نے بریفنگ میں گزارے تو اس میں جو آخر میں ہمیں ترغیب دی گئی، وہ ایک اخوت کا درس تھا اور وہ اخوت کا درس اتنے لبادوں میں لاکر ہمارے سامنے پیش کیا گیا کہ اس صوبے میں، اس ملک میں جو کمی ہے، وہ ساڑھے تین ہزار سے ساڑھے چار ہزار میگاواٹ ہے اور چونکہ وہ سپلائی لائن دہشتگردی میں اڑادی گئی ہے تو سات ہزار میگاواٹ تک یہ جو آپ کی آج کل کمی ہے، وہ پورے ملک میں ہے اور ہمیں یقیناً یہ ان کا جو جذبہ انہوں نے ہمیں دینے کی کوشش کی کہ چونکہ یہ سارے ملک کا معاملہ ہے، ہمیں بھی صبر سے کام لینا چاہیئے۔ جناب سپیکر، اگر صبر ہی کرنا ہے تو جب ہمارے صوبے میں آٹا بحران ہوتا ہے، ہمارے عوام لائنوں میں کھڑے ہوتے ہیں، پنجاب ہمارا بڑا بھائی اپنے آپ کو کہتا ہے لیکن اس وقت وہ سوتیلا بھائی کیوں بن جاتا ہے؟ کیا اس کو ہماری یہ بھوک دکھائی نہیں دیتی؟ (تالیاں) کیا اس کو سر، یہ دکھائی نہیں دیتا کہ اس صوبے کے عوام ہیں جس کو کبھی دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن سٹیٹ ہونے کا اعزاز حاصل ہو جاتا ہے، کبھی اس کو افغانستان کے جہاد میں فرنٹ لائن صوبے کا اعزاز حاصل ہو جاتا ہے اور جناب سپیکر،

جب کچھ بانٹنے کی چیز آئے تو پھر ہمیں یہ درس دیا جاتا ہے کہ آپ لوگ جذبہ اخوت پیدا کریں، قربانی کریں اور صوبے پہ یہ مشکل حالات ہیں اور ملک میں یہ حالات ہیں، مہربانی کر کے اس میں اپنا شیئر ڈالیں۔ جناب سپیکر، آج آپ کے صوبے میں دس سے پندرہ گھنٹے 'ان شیڈولڈ لوڈشیڈنگ' ہے۔ یہ سر، میں نہیں کہہ رہا، یہ کل آپ نے 'جیو' پر دیکھا ہوگا، جہاں پر رپورٹ تھی اور ہر جو پاور کمپنی تھی ان کی، انہوں نے اعداد و شمار دیئے تھے۔ یہ 'ان شیڈولڈ لوڈشیڈنگ' سر، وہ پانچ سے چھ گھنٹے کی جو 'شیڈولڈ لوڈشیڈنگ' ہے، یہ اس کے علاوہ ہے یعنی 24 گھنٹے میں پانچ، چھ گھنٹے تو شیڈولڈ لوڈشیڈنگ ہے اور دس سے پندرہ گھنٹے اس کے علاوہ ہے یعنی صرف چار گھنٹے آپ کو بجلی ملتی ہے، وہ بھی قسمت والوں کو ملے گی اور اس سے سر، آپ کی تیس لاکھ آبادی متاثر ہو رہی ہے۔ واپڈا حکام پیسکو کی طرف سے جو کل آئے تھے، انہوں نے آپ کو اور ہمیں یہ بتایا کہ 23 لاکھ آپ کے رجسٹرڈ Consumers ہیں، اس میں اگر کنڈا وغیرہ ڈال لیں، کوئی پچاس ہزار، ایک لاکھ اور بھی ڈال لیں تو کوئی 24 لاکھ بن جائیں گے اور اگر Per house آپ افراد ڈال لیں چار سے پانچ، تو یقیناً سر، اگر آپ دیکھیں آپ کی ایک کروڑ آبادی، سوا کروڑ آبادی سے یہ آپ کا تقریباً کوئی تین گنا حصہ بنتا ہے یعنی آپ کے تین حصے، جو آپ کا تیسرا حصہ ہے اس صوبے کی آبادی کا، وہ اس 'ان شیڈولڈ لوڈشیڈنگ' سے متاثر ہے سر۔ جناب سپیکر، ہمارے صوبے کے سنگین حالات ہیں۔ ایسے حالات ہیں کہ یہاں پہ صوبائی حکومت کو امن و امان کی وجہ سے کافی مشکلات ہیں۔ ہم اپنی پولیس کو بھی دوش نہیں دے سکتے کہ وہ گرڈ سٹیشنوں کی حفاظت کریں، وہ شاہراہوں کی حفاظت کریں، وہ واپڈا کی تنصیبات کی حفاظت کریں یا وہ آئیں یہاں پہ ہماری اسمبلی کی حفاظت کریں، وزراء کے گھروں پر ڈیوٹیاں دیں، چیف منسٹر صاحب کے گھر پر ڈیوٹیاں دیں، ہماری پولیس کس طرف جائے؟ ہم اگر اس چیز کو سنجیدگی سے نہیں لیں گے تو پھر حال یہی ہوگا کہ جب جلسے جلوس نکلیں گے، اس میں چند ایک تخریب کار گھسیں گے اور جیسے کل آپ نے بھی سنا ہوگا کہ ٹانک کا جو واپڈا آفس تھا، اس کو جلا دیا گیا اور جب نیشنل پاور کنٹرول سے رابطہ کیا گیا کہ وہاں پر تو انہوں نے آگ لگا دی تو انہوں نے فوراً کہا کہ بجلی چھوڑ دیں۔ انہوں نے اس سے کہا کہ ابھی بجلی چھوڑنے کی کیا ضرورت ہے؟ جو کام انہوں نے کرنا تھا، وہ تو ہو گیا۔ ابھی تو اگر واپڈا کا جو ریکارڈ تھا، وہ بھی اس میں جل گیا ہے جو انہوں نے Damage کرنا تھا۔ دو دو، ڈھائی ڈھائی گھنٹے سر، آپ ان کو فون کریں، نیشنل کنٹرول کے تین نمبر میرے پاس بھی ہیں لیکن سر، جب تک ان کی مرضی نہ ہو، وہ فون اٹھاتے نہیں ہیں یا فون کو کھلا چھوڑ کر رکھ دیتے ہیں۔ آٹھ آٹھ گرڈ سٹیشن سر، ڈی آئی خان والوں کو ہدایت کی جاتی ہے

کہ کلاچی، درابن بند پورئی، ٹانک، جنڈولہ، وانا یہ سب گرڈ سٹیشنز آپ بند کر لیں۔ کس وقت پاور سپلائی شروع کریں، کوئی پتہ نہیں ہے۔ دو، ڈھائی گھنٹوں کے بعد جب ان کے دل پر رحم آتا ہے، پھر ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مہربانی کر کے ابھی آپ بجلی سپلائی چھوڑ دیں۔ جناب سپیکر، یہاں پر ممبران اسمبلی نے اپنی تضحیک کا بھی ذکر کیا کہ یہاں پر عورتوں کے بھی جلوس نکلے ہیں اور ایک پختون معاشرے میں یہ کتنی بے عزتی کی بات ہے کہ آپ اور ہم اس ائرکنڈیشنڈ ایوان میں بیٹھیں اور وہاں پر ہمارے عوام جلوس نکالیں اور جب اس میں عورتیں بھی شامل ہو جائیں اور یہاں پر ایک ایسی حکومت ہو جو کہ عوام کا نمائندہ ہے اور جس کی اس صوبے میں ایک تاریخی حیثیت ہے؟ اگر Coalition partners، پاکستان پیپلز پارٹی ہے یا اے این پی ہے، ان کی ایک اپنی تاریخ ہے سر، تو آیا ہمارا اس اسمبلی میں بیٹھنے کا، صرف ہم سوال ہی بھیجیں گے؟ ان کے مہینوں بعد جوابات ہی آئیں گے یا ہم بطور ممبران اسمبلی اس طرف بھی توجہ دیں گے؟ یہ سر، ریکارڈ پر ہے کہ کہا جاتا ہے کہ اگلی جنگ جو ہو گی، وہ پانی کے وسائل پر ہو گی لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس صوبے میں انقلاب آنا ہوا تو وہ اس واپڈا اور اس پیسکو کی وجہ سے اس صوبے میں آئے گا۔ انہوں نے جو حال ہمارے ساتھ کیا ہوا ہے سر، یہاں پر آج ہم تبصرے پڑھتے ہیں، کوئی اس اسمبلی کو کہتا ہے کہ یہ 1988 کی اسمبلی ہے لیکن سر، اگر امن وامان کا مسئلہ رہتا ہے، آٹے کا بحران رہتا ہے، مہنگائی رہتی ہے اور اوپر سے یہ لوڈ شیڈنگ رہتی ہے، اس اسمبلی نے تو بیس ماہ گزار دیئے تھے، پتہ نہیں ہم بیس ماہ گزاریں گے بھی یا نہیں گزاریں گے؟ یہ ہمارے لئے سر، کتنے افسوس کی بات ہو گی کہ آج جنرل پرویز مشروف نہیں ہے اور آج ہم سارے سیاستدان، متفقہ طور پر ہم نے اس کو استعفیٰ پر مجبور کیا ہے لیکن اس کے باوجود آج ہمیں جن بحرانوں کا سامنا ہے، اس میں ہم ایک بحران بھی کنٹرول نہیں کر سکتے۔ امن وامان کو سر، ہم یہ ڈال سکتے ہیں کہ یہ ہمیں ورثے میں ملا ہے۔ سر، ہم مہنگائی کو ڈال سکتے ہیں کہ مرکزی حکومت کنٹرول کریگی۔ سر، ہم آٹے پر پنجاب کو دوش دے سکتے ہیں لیکن بجلی جو کہ ہماری اپنی جنریشن ہے، اگر اس میں سر، جیسے کہ عبدالاکبر خان نے کہا کہ چار ہزار ہم جنریٹ کرتے ہیں اور ایک ہزار سے کم ہماری ضرورت ہے اور اگر ایک ہزار سے کم میگاواٹ کی بجلی بھی ہم مرکز سے اپنے حصے کا شیئر نہیں لا سکتے تو پھر ان ایوانوں میں ہم لمبی لمبی تقریریں کیوں کرتے ہیں، ہم کیوں اس صوبے کے غریب عوام کے پیسے اپنے اس اجلاس پر خرچہ کرتے ہیں؟ میں سمجھتا ہوں سر، کہ آج وقت ہے، ایک نمائندہ حکومت بیٹھی ہے، آج ہمیں اس ایشو کو اٹھانا چاہیئے۔ اگر ہمارے عوام خوار ہو رہے ہیں، پشاور جو کہ اس صوبے کا دل ہے، اگر وہ

گھنٹوں تاریکی میں ڈوبا رہتا ہے اور شیخ محمدی ٹاور کو ایک بار نہیں، مہینے میں دو بار اڑایا جاتا ہے اور دس، دس دن تک وہ بجلی بحال نہیں ہوتی اور ایک Loop system جو کہ نہایت بڑی آسانی سے ہو سکتا ہے، وہ بھی ہم کو مرکزی حکومت اپنے تعاون سے نہیں دے رہی اور ان کو یہ اچھے طریقے سے پتہ ہے کہ جو تخریب کار ہیں، وہ یقیناً آپ کے مین جو سپلائی لائنز ہونگے، آپ کے عوام کو Frustrate کرنے کیلئے ان جگہوں کو نشانہ بنائیں گے اور اس Frustration کو ختم کرنے کا طریقہ بھی یہی ہے کہ آپ کی Dependency کم ہو۔ اگر آپ کی Dependency یہ رہتی ہے کہ ایک ٹاور سے دس دن پشاور تاریکی میں ڈوبا رہتا ہے تو یقیناً وہ ایک بار نہیں، دو بار نہیں، بار بار اس کو اڑائیں گے تو ہمیں سر، یہ چاہیئے کہ اس طرف ہم توجہ دیں۔ جناب سپیکر، کبھی تیس لاکھ افغان مہاجرین کا بوجھ اس صوبے پر ڈالا جاتا ہے اور ہمیں قربانی کا درس دیا جاتا ہے، کبھی فرنٹ لائن سٹیٹ بنا کر ایک ٹیلفون کال پہ پالیسی Reverse کی جاتی ہے، پھر بھی فرنٹ لائن صوبہ بنایا جاتا ہے، آئے دن دھماکوں سے ہمارے عوام ذہنی مریض بن چکے ہیں۔ سول سوسائٹی اس صوبے میں ختم ہو رہی ہے، شاہراہیں محفوظ نہیں ہیں اور اوپر سے مرکزی حکومت اپنی پالیسیوں سے اور سنٹرل پنجاب کے کارخانے چلانے کیلئے وہ سر، ہمیں پھر قربانی کا درس دے رہے ہیں۔ سر، آپ دیکھیں کہ کراچی میں جو کیسکو ہے، اس کو چھ سو میگاواٹ واپڈا پیپکو کی طرف سے فراہم کیا جا رہا ہے اور جناب سپیکر، 56 ارب کا وہ قرض دار ہے لیکن اس کے باوجود بھی سپلائی لائن میں کوئی کمی نہیں آ رہی۔ ہمارے جو لاسز کل واپڈا، پیسکو حکام نے ہمیں پیش کئے ہیں، وہ کہہ رہے تھے کہ ساڑھے سات ارب فی سال کے حساب سے اس میں اضافہ ہو رہا ہے اور سارے جو لاسز ہیں، وہ 43 بلین کے ہیں یعنی 56 ارب کا جو قرض دار ہے، اس سے کوئی پوچھ گچھ نہیں ہے اور یہاں پر Justification یہ کی جاتی ہے کہ یہاں پر آپ کے لاسسز بڑے ہیں۔ کیا 43 ارب بڑے ہیں سر، یا 56 ارب بڑے ہیں؟ ان کو چھ سو میگاواٹ اضافی بجلی دی جاتی ہے اگرچہ کیسکو ابھی ان کا Headache ہے، جیسے وہ جانیں لیکن پھر بھی Over and above اس کو کبھی نام دیا جاتا ہے کہ کراچی پاکستان کا دل ہے، کبھی نام دیا جاتا ہے لاہور پاکستان کا دل ہے، ہمیں بتایا جائے ہم اس پاکستان کے پاؤں ہیں؟ ہماری کیا حیثیت ہے؟ ہماری کیا حیثیت ہے سر، اس ملک میں؟ (تالیاں) جناب سپیکر، اگر ہمارے ساتھ یہ سلوک رہا، پھر پیسکو حکام ہمیں بتائیں کہ 90 گرڈ سٹیشنز ہیں، 48 ہزار ٹرانسفارمرز ہیں، 616 آپ کے فیڈرز ہیں تو پھر جناب سپیکر، جب تاریں ہونگی، ٹرانسفارمرز ہونگے، گرڈ سٹیشنز ہونگے اور بجلی نہ ہو جناب سپیکر، تو کیا فائدہ ہو گا؟ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو چاہیئے

کہ آج ہم کسی جانب بھی توجہ نہ دیں سوائے اس ایک مسئلے کے اور اس سلسلے میں ایک ایسی ریزولیوشن لائیں کہ مرکزی حکومت کی اس سے آنکھیں کھل جائیں کہ یہ عوام اور اس کے نمائندے اپنا حق مانگنا جانتے ہیں اور یہ صوبائی حکومت کی سر، میں سمجھتا ہوں کہ ذمہ داری ہے اور ہمارے منسٹر صاحب اس پر بھرپور توجہ دیں گے۔ شکریہ، سر۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر! یو منټ۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو۔ ثاقب اللہ خان چمکنی۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی سپیکر صاحب، زما۔۔۔۔

جناب سپیکر: تاسو یو منټ غوښتے دے او زۀ به درله۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: یو منټ، سر۔ یو منټ سر، زیات نه کوم جی۔ نیم منټ سر، تاسو ضائع کړو جی۔ (قہقہہ) زما دے مشرانو ورونړو په دغے باندے خبرے اوکړے، سردار صاحب خبرے اوکړے، زۀ په ټیکنیکل خبرو باندے او څه مدلل طریقے سره په هغے به نه ځمه خو سر، تاسو ته یو خواست به ضرور کوم چه دا زمونږ اسمبلئ حیثیت خالی د تقریرونو پورے پاتے نه شی۔ پرون سر، ستاسو په صدارت کښ واپډا اهلکار دلته راغلی وو او په هغے کښ مونږ دوه، درے تجاویز هغوی له ورکړی وو جی او زۀ به تاسو ته خواست کوم چه په هغے باندے عمل اوکړو هله به د دے ایوان ستاسو د سپیکرشپ لاندے، ستاسو د صدارت لاندے عزت کیږی او مونږ به خپل د دے خلقو د پاره څه کولے شو۔ هغوی ته مونږه دا خواست کړے وو چه مونږه تاسو نه مطمئن نه یو، تاسو چه کومے خبرے اوکړے، مونږه بالکل مطمئن نه یو او تاسو مهربانی اوکړئ چه یو پریس کانفرنس اوکړئ۔ پکار ده دلته زمونږ صحافی ملګری ورونړه ناست دی چه دوئ د تپوس اوکړی چه مونږه خو ئے مطمئن نه کړو، پکار ده چه دوئ هم ترے تپوس اوکړی۔ دوئ د عوام مطمئن کړی، مونږه د خیر دے نه کوی، عوام د مطمئن کړی، سر۔ په هغے پریس کانفرنس دوئ اونکړو، اوسه پورے پریس کانفرنس نه دے شوے۔ یو وړوکے غوندے بیان راغلے دے چه پیسکو وئیلی دی چه دا اسلام آباد به کوی۔ دویم خواست هغوی ته مونږه دا کړے وو، ډیره ښه ده چه تاسو دا کولے نه شئ، په دے کښ خبره نه شئ کولے، په دے کښ ستاسو څه

دغه نشته نو ستاسو چه کوم اهلکار، د واپډے چه کوم ستاسو افسران دا کولے شی، مونږ هغوی ته وئیلی وو چه دوئ د راشی او د دغه اسمبلئ ممبرانو ته د کښینی او مونږ سره د خبرے اوکړی چه د دے څه حل رااوباسو۔ نو سر، تاسو ته زهٔ خواست کوم چه پرون ستاسو په صدارت کښ چه دا میټنګ شوے وو او مونږ ورکښ دا تجاویز ورکړی وو، تاسو رولنګ ورکړئ او په دے باندے چه عمل اوشی سر۔ که نه وی نو مونږ به دلته تقریرونه کوؤ۔ دا تقریرونه زما دے مشرانو ورونړو، دا تقریرونه زما دے اړخ نه هم او هغے اړخ نه مونږ ډیر ځل کړی دی، یو سل ځل مو کړی دی، په Technical aspects مو خبرے کړی دی، په Constitutional aspects مو خبرے کړی دی، په Moral aspects مو خبرے کړی دی، په لاء اینډ آرډر باندے مو خبرے کړی دی خو څه ترے جوړ شو، سر؟ هیڅ ترے جوړ نه شو، سر۔ که نن مونږ په دغے خپل تجاویزو باندے، دے خپل قراردادونو باندے، خپل تقریرونو باندے عمل نه شو کولے نو سبا به په دغه ایوان باندے د چا اعتبار هم نه وی نو بیا زهٔ دلته څه کوم، دا ملګری دلته څه کوی او ستاسو د صدارت څه ضرورت دے؟ خواست کوم درته سر، پرون دوه نیمے ګهنټے دوئ سره مونږ میټنګ اوکړو، دوه تجاویز مو ورکړی وو، مونږ مطمئن نه یو، پکار ده چه پریس کانفرنس اوکړی، صحافی برادری، مونږه کښ یو کس هم ورله نه ځو، دوئ د عوام مطمئن کړی، مونږ به مطمئن شو او دویم سر، چه کوم اهلکار د دوئ دا وس لری، دا اتهارټی لری چه هغه راشی او په دیکښ خبره کولے شی، هغوی د راشی، مونږ ته د Spokesman نه رالیږی، بیا زمونږ فائده څه شوه؟ یو خواست به خپل حکومت ته کوم، زهٔ به خپل مشر ته کوم، سینیئر منسټر لوکل ګورنمنټ ته کوم سر، ماشی ډیر دی، مونږ باندے د خدائے فضل دے اکثریت کورونو کښ جنریټرے شته خو زمونږ دا ورونړه چه په کلو کښ دی، خاصکر چه کومو علاقو کښ سیلابونه راغلی دی، په کلو کښ دی، هغه ماشو نه چه بجلی لاړه شی نو بهر ناست وی او وربانده ماشی هم وی۔ یو د واپډا (قهقهه) مسئلے دی، بل د ماشو مسئلے شی نو زهٔ تاسو ته خواست کوم چه دا زر تر زره هر چرته د په دے باندے څه سپرے اوشی سر، څه بندوبست د اوشی، هغه د هم

وی خو سر، بیا خواست کوم چه کوم پرون تجاویز وو، په هغے باندے عمل اوکړئ او د هغے رولنگ تاسو ورکړئ۔ ډیره مهربانی۔

<u>میاں افتخار حسین(وزیر اطلاعات)</u>: جناب سپیکر، زۀ دے باره کښں -----۔

<u>جناب سپیکر</u>: نه، تۀ به Sum up کوے، لږ کښېنه۔ جی، جاوید عباسی صاحب! یہ کافی دیر سے بیٹھا ہے۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ</u>: جناب سپیکر، ہم اسی طرح انتظار میں بیٹھیں رہیں گے؟ جب ہم ریکویسٹ کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ فلانہ فلانہ، تو ٹھیک ہے، یہ ہمارا بھی حق ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: ہے، بالکل ہے، بالکل ہے۔ سب بولیں گے جی۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: ان کو بھی ضرور آپ __، جناب سپیکر، تھینک یو، بہت شکریہ آپ کا۔ عبدالاکبر خان اور اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب جو بات ایوان میں لائے اور آپ کا شکریہ، اس ایوان کا کہ انہوں نے آج اس کو ڈسکشن کیلئے Accept بھی کیا ہے۔ میری یہ ریکویسٹ ہوگی کہ پہلے ہم نے صرف ایک ڈیپارٹمنٹ کو سنگل آؤٹ کر لیا اور اس کے متعلق بات کرینگے تو اس کے متعلق میں صرف اتنا ہی کہونگا، جو کل آپ کو Presentation دینے کیلئے آئے تھے اور جو انکی ہم نے باتیں سنی ہیں:

ے

صوفیائے شہر میرے لئے دعا کیا کرتا — وہ خود محتاج تھا مجھے عطا کیا کرتا

موت سے گناہ دیکھ کے خاموش رہا — وہ خود گنہگار تھا کماتے سزا تھا، عطا کیا کرتا

(تالیاں)

جناب سپیکر صاحب، آپ کی موجودگی میں وہ ہمیں Presentation دینے کیلئے آئے۔ ہمارے ممبران نے جب باتیں کیں تو لگ رہا تھا کہ ان کی محتاجی دیکھ کر مجھے ان پر بھی بڑا دکھ تھا اور سچی بات ہے کہ آج سچ بولنے کا وقت آگیا ہے کیونکہ پانی اب سر سے گزرتا جارہا ہے اور اس ملک کا ہر شہری اور ہر فیکٹری کا جو مالک ہے اور جو کارکن ہے، ہر آدمی اس وقت مشکل میں زندگی بسر کر رہا ہے۔ جناب سپیکر، یہ صرف کافی نہیں ہے کہ ہمارے دوست اٹھیں اور واپڈا، بلکہ آج یہ دیکھ رہے ہیں کہ یہ جو کرائسس پیدا ہوا ہے اور یہ کرائسس اس سٹیج تک لایا گیا ہے، اس کی ذمہ داری کیا صرف یہاں واپڈا یا پیسکو یا جو ہمارا چیف انجینئر ہے یا چیف ایگزیکٹیو پر ہم ڈالیں گے؟ یہ شاید جائز نہیں ہے۔ یہ پچھلے آٹھ نو سالوں میں جو اقتدار میں بیٹھے رہے اور یہ دیکھتے رہے کہ جناب، یہ کرائسس آنے والا ہے اور یہ بجلی کی ہر شے، جو انہوں نے اتنی بڑی

Electrification کی ہے پورے پاکستان کے اندر، تو یہ ویژن، گورنمنٹ کا یہی ویژن ہوتا ہے، یہی حکومتیں جاکر یہاں کام کرتی ہیں توان کا یہ کام ہوتا ہے کہ وہ دیکھ سکیں کہ اگلے دو سالوں میں اور اس سے تین سالوں میں اور پانچ سالوں میں ہماری کتنی زیادہ Consumption ہو گی اور اس کا ذمہ دار کون ہو گا؟ جناب سپیکر۔۔۔۔۔

محترمہ نور سحر: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، جی، آپ Continue رکھیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: اس وقت جی میں ایک فگر آپ کو بتا رہا ہوں، میں نے بات ختم نہیں کی، میری بہن کھڑی ہو گئی تھی تو میں سمجھا کہ شاید اس سے بھی زیادہ کوئی ارجنٹ معاملہ ہو گیا جس پر وہ بات کر رہی تھی، تو میں اسلئے ذرا خاموش ہو گیا۔ ابھی جو کل خبر آئی ہے میڈیا میں، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں انہوں نے کہا ہے کہ اسی ارب روپیہ، جو پرائیویٹ کمپنیز تھیں، جن سے بجلی خریدی جارہی ہے، اسی ارب روپیہ ان کا دینا ہے فیڈرل گورنمنٹ نے، یہ فگر انہوں نے آج صبح ریلیز کی ہے، آج تمام پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا میں اس کو چلایا جارہا ہے، جناب سپیکر، پانچ ہزار تین سو میگاواٹ بجلی جو تھی، وہ ان سے روز خریدتے تھے، پچھلے ایک ہفتے کی اندر جو ڈیویلپمنٹ گئی ہے جیسے اب Forced load shedding کہا جارہا ہے، پہلے ہوتی تھی جو روٹین کی تھی جس کا لوگوں کو پتہ تھا لیکن وہ اب چھ گھنٹے سے بڑھا کر بارہ گھنٹوں میں لے گئے، پھر انہوں نے، بجلی کی جو پیداوار وہ دے رہے تھے، اس میں کمی کر کے جناب سپیکر، ڈھائی ہزار میگاواٹ پر لے آئے جس کی وجہ سے یہ جو ابھی فوری کرائسس اس ہفتے میں پیدا ہوا ہے، وہ صرف اس وجہ سے پیدا ہوا ہے کہ اسی ارب روپیہ انہوں نے کہا ہے کہ جی ہمارے جو بقاجات ہیں، یہ اگر ہمیں ادا کر دیں تو ان کا یہ بھی Claim ہے کہ اگر یہ پیسے ہمارے Instalments میں بھی دینا شروع کر دیں یا ہمیں کوئی گارنٹی دے دیں تو پھر بھی جو پانچ ہزار پانچ سو میگاواٹ ہے، ہم اس کو چھ ہزار تک لے جائیں گے تو یہ جو لوڈشیڈنگ چھ گھنٹوں میں ہو رہی تھی، یہ دو ڈھائی گھنٹوں میں آ جاتی رمضان کے مہینے میں۔ جو منسٹر صاحبان تھے جنہوں نے کہا بھی تھا تو جناب سپیکر، اب یہ فیڈرل حکومت کی اور پانی و بجلی کی وزارت کی ذمہ داری بنتی ہے، جو ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ قوم کو بتائے۔ انہوں نے کئی دفعہ قوم کو آ کر بتایا ہے کہ جناب، اس لوڈشیڈنگ میں اتنے دنوں میں اتنی کمی آ جائیگی لیکن بد قسمتی سے اس میں کمی آنے کی بجائے ہر روز اس میں اضافہ ہو رہا ہے۔ نہ تو پیسکو کا کوئی آدمی، نہ ایک چیف انجینئر، نہ یہ چیئرمین واپڈا، یہ کمی نہیں

لا سکتا، نہ ان کے بس کا کام ہے۔ اگر آپ ان کو ذمہ دار بھی ٹھہرائیں، انکے خلاف جلوس بھی نکالیں، یہ آج جو دفاتر ہم جلا رہے ہیں، یہ ہم اپنا نقصان کر رہے ہیں۔ یہ جو آج ان کے اوپر اٹیک کر رہے ہیں، یہ بھی ہمارا نقصان ہے، اس کیلئے ہم نہیں چاہتے کہ ایسا ہو لیکن جب پبلک کو تکلیف ہے۔ جب سخت تکلیف کی حالت میں ہوتے ہیں، وہ نکلتے ہیں پھر وہ اپنے غصے کا اظہار کرتے ہیں۔ اس غصے کی کمی، ایک یہ فیڈرل گورنمنٹ کی ذمہ داری ہے، یہ جو پیسہ ہے، ان کے پاس بیٹھے ہیں، ان کیلئے ہمیں ایک ریزولیوشن پاس کرنی چاہیئے اور الحمدللہ آج مرکز میں وہ حکومت ہے، صوبے میں بھی آپ کی بات بڑی مانی جاتی ہے اور آپ بھی بڑے الحمدللہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ جو اسی ارب کی بات آپ نے کی، یہ پرانے بقایا ہیں یا ابھی۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: نہیں جی، ابھی، ابھی جو انہوں نے Claim کیا ہے، جو پرائیویٹ کمپنیز ہیں، انہوں نے کہا ہے کہ ہمیں انہوں نے یہ پیسے دینے تھے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ پچھلے سالوں کے ہیں یا ابھی اس Current year کے ہیں؟

جناب محمد جاوید عباسی: یہ آپ کے پچھلے سالوں سے رہے ہوئے ہونگے لیکن اس میں ہر روز اضافہ ہو رہا ہے تو چونکہ انہوں نے ایک ٹائم فریم انکے ساتھ رکھا ہوا تھا، اس ٹائم فریم میں یہ پیسہ چونکہ نہیں دیا جا سکا، اس ٹائم پر انہوں نے یہ کام کرنا شروع کر دیا۔ یہ کام چیئرمین واپڈا نہیں پوچھ سکتا ان سے، یہ کام منسٹر لیول کا ہے یا پرائم منسٹر صاحب کے لیول کا ہے۔ آپ اس معاملے کو کر سکتے ہیں یہاں پر۔ مجھے یقین ہے کہ پورے پاکستان۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، یہ جو آپ اسی ارب کی بات کر رہے نا، اسحاق ڈار صاحب اور نوید قمر جو آپ کے فنانس منسٹرز ہیں، انہوں نے تو کہا ہے کہ خزانہ خالی ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: اسحاق ڈار صاحب تو نہیں رہے، وہ تو آئے تھے اور چلے گئے۔ نوید قمر صاحب کی بات کریں جناب۔ (تالیاں)

جناب سپیکر: اچھا۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں یہ بھی نہیں کہتا کہ ہم یہ Blame ایک دوسرے پر لگانا شروع کر دیں۔ ہم یہ کہتے ہیں، میں کہتا ہوں، آپ کیا سمجھتے ہیں؟ یہ مسئلہ پورے پاکستان کے لوگوں کا مسئلہ ہے۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ کراچی کو نہ ملے اور یہ نہیں کہتے کہ پنجاب میں سے آٹے کا معاملہ، یہ ایشو، ہم کہتے ہیں کہ یہ ایشو

Solve ہو سکتا، اس ایشو کو ہم نے Solve کرنا ہے، ہم سب نے بیٹھ کر کرنا ہے۔ یہ Amount جو آج میں نے یہاں فگرز دی ہیں، ساری آج کی پریس میں موجود ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ چونکہ ہمارے ساتھ وعدہ کیا گیا تھا کہ اسی مہینے میں، جس میں ہم گزر رہے ہیں کہ ہمارے پیسوں کے واجبات ہمیں وصول ہو جائینگے۔ اگر وصول ہو جاتے تو ہم پانچ ہزار تین سو دے رہے تھے، یہ ہم چھ ہزار تک لے جاتے۔ تو چھ ہزار تک اگر لے جاتے تو آنے والا رمضان کا جو مہینہ ہے تو یہ لوڈ شیڈنگ، تو جناب سپیکر، میں ایک بات اور۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: آپ کا پوائنٹ کافی وزنی ہے یہ۔۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: دوسری بڑی بات، کہ یہاں ہمارے بد قسمت علاقے جو ہیں جہاں، تعلق میر اایبٹ آباد سے ہے اور اس کے جو علاقے گلیات ہیں، وہ بارہ بارہ گھنٹے، چودہ چودہ گھنٹے جناب، وہاں بجلی کا، وہاں بجلی کا لوگ کہتے ہیں کہ کاش چوبیس گھنٹوں میں ایک دفعہ آ جائے کہ دیکھ لیں کہ کبھی ان علاقوں میں بجلی ہوتی بھی دیکھی، جہاں اتنا زیادہ Severe مسئلہ جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ان دور علاقوں کو تو چھوڑو، میرا حلقہ پشاور سے شروع ہوتا ہے، ادھر چودہ اور اٹھارہ گھنٹے بند ہوتی ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: بس میرا تو شعر ادھر بھی لاگو ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، ہماری ریکویسٹ ہے، آخر میں ریکویسٹ کر کے اجازت لونگا کہ یہ بہت Serious معاملہ ہے، یہاں الحمد للہ ہمارے بڑے بیٹھے ہوئے ہیں، یہ معاملہ ان کے سپرد بھی کیا جائے اور ایک Delegation ہو جو وہاں جاکر ہمارا یہ کیس Argue کرے، پیسکو کے چیف کے ساتھ ہم یہ Argue کرتے رہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں ہوتا۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: یا چیئر مین کے ساتھ Argue کرتے رہے تو ہمیں کچھ نہیں ملے گا۔ یہ پانی و بجلی کی وزارت کی ذمہ داری ہے اور یہ پرائم منسٹر کی لیول پر یہ معاملہ Take up کیا جائے تب۔ ہمارے دوسرے صوبوں سے اس بجلی کی، الحمد للہ میں نہیں کہتا کہ شاید کمی آ جائے اور دوسری بات، جب تک پانی کے Reservoirs اپنے نہ بنائیں، اگر ہم نے آج بھی پانی کے اوپر سیاست کی، آج بھی اگر، تو یہ پھر مسئلہ اس سے بھی شدت اختیار کر جائیگا، لہذا جب ہم ان ڈیموں کے اوپر بات کریں، اس وقت بھی ہمیں بہت سوچ سمجھ کر بات کرنی ہو گی۔ میں اس تربیلا کی غیر تمندوں کو آج خراج تحسین پیش کرتا ہوں اس

ایوان کے ذریعے، میں عقیدت سے ان کو سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے اپنا سب کچھ اس وقت لٹایا، آج الحمد للہ انہوں نے اس ملک کو محفوظ کیا ہوا ہے۔اسی طرح۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

جناب محمد جاوید عباسی: یہ بڑے ڈیمز ہماری ضرورت ہیں، آج ہمیں ایک دفعہ پھر اپنا دل کھولنا ہوگا، ایک دفعہ پھر ہمیں قربانی دینے کا وقت آگیا ہے اور جب قربانی دینگے تو انشاء اللہ یہ سرسبز اور شاداب، ہمارا صوبہ بھی اور دوسرے صوبے بھی انشاء اللہ سر سبز و شاداب ہونگے۔ تھینک یو جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: تھینک یو، جاوید۔ عظمیٰ خان، عظمیٰ خان بی بی۔ان کو بھی تھوڑا موقع دینا چاہیئے۔

محترمہ عظمیٰ خان: شکریه، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، دا د بجلئ مسئله خو نن سبا په ټول ملک کښې ده او خاصکر په صوبه کښې خو دلته دا اوس زیاته شوه لیکن زمونږ په علاقه، ضلع لوئر دیر کښې Specially، زمونږه خو چه کله بجلی وه نو هم مو په سترګو نه وه لیدلے او اوس ئے خو بالکل نه وینو۔ چه مابنام شی، بجلی لاړه شی، چه سحر اذانونه اوشی، مونځونه اوشی نو بجلی راشی۔ زهٔ په دے حیرانه یم چه ضلع لوئر دیر او اپر دیر دلته کښې ډیر شے ایم پی ایز دی خو یو کس هم دا مسئله Raise نه کړه چه هلته کښې د هغوی عوام، مونږه خیر، زهٔ به د دوئ نه ګله ځکه نه کوم چه دوئ په دے سیشن کښې ناست دی او یو کس به هم کلی ته چکر نه وی لګولے ، د هغوی مشکلات سپیکر صاحب، تیر شوی کال د دے لوډشیډنګ نه دومره تنګ شو چه هغه مقامی خلقو یو جلوس اوویستو، Specially زما د علاقے نه، منډا او مایار د دے علاقے نه۔ هغے نه یو جلوس راغلو، هغوی تیمرګره کښې په ګرډ سټیشن باندے حمله اوکړه۔ د جاوید عباسی خبره چه هغوی به حمله نه کوی نو څه به کوی؟ هغوی هم آخر تنګ شی او په واپډا والا پسے راشی، تیمرګره کښې هغوی ته هغه ځائے مقامی خلق رااوتلو او په هغے کښې جهګړه اوشوه، فائرنګ اوشو، ګرډ پکښې اوسوزیدو، ګرډ سټیشن اوسوزیدے شو۔ سپیکر صاحب، مونږه چه فون اوکړو چه دا بجلی ولے بنده ده نو مونږ ته وائی چه جی دا د تیمرګرے نه بنده ده۔ چه دوه ګهنټے لوډ شیډنګ اوشی بیا فون اوکړو وائی چه جی دا منډا نه بنده ده۔ چه د هغے نه پس فون اوکړو نو وائی چه جی په دیکښې Fault دے۔ سپیکر صاحب، زهٔ تاسو مخاطب کوم، سپیکر صاحب، اټینشن لږ راکړئ جی۔ نو مونږه ته درے څلور ځایونه

ښودلے کیږی چه دا د دے ځائے نه بنده ده، د دے ځائے نه بنده ده چه په آخر کښ بهانه او نه شی نو Fault د ے۔ د Fault د پاره هیڅ څه غم نشته۔۔۔۔

محترمہ عظمیٰ خان: جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب سپیکر: لږ تاسو خپل د سکشن بند کړئ، د دے بی بی واورئ جی لږ، تاسو ته ئے سوال اوکړو۔

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب، مونږه هسے هم Selected یو، دوئ مونږه چرته اوری۔

جناب سپیکر: مخکښ وایئ جی، لږ مختصر کړئ جی۔

محترمہ عظمیٰ خان: سپیکر صاحب، زهٔ تقریر نه کول غواړم، صرف خپله مسئله تاسو ته وئیل غواړم چه دا بجلی کم از کم دومره کمه خو نه ده سپیکر صاحب، چه ماښام سره ځی او سحر اذانونو سره راځی۔ که د دے په مینځ کښ لږه بجلی راپریږدی، گھنٹے ته د پریږدی، دوه گھنٹے ته د لوډ شیډنگ اوکړی، درے گھنٹے د اوکړی سپیکر صاحب، نو مونږه به ئے اومنو خو ټوله شپه لوډ شیډنگ، دا یو ناروا سلوک دے او ډیر زر ده چه هغوی به بیا کیدے شی چه په گرډ باندے حمله اوکړی۔

جناب سپیکر: ٹھیک وایئ جی تاسو۔ نورسحر بی بی، نورسحر بی بی۔ ټولو له موقع ورکول دی جی، دا دغه د سکشن دے۔

محترمہ نورسحر: شکریہ، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، آج میں آپکی مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم مسئلے پر بولنے کا ٹائم دیا۔ یہ بہت ہمارے لئے اہم موضوع ہے بلکہ سارے صوبے، پورے پاکستان کیلئے ایک اہم موضوع ہے لیکن میں افسوس کے ساتھ کہنا چاہتی ہوں کہ جتنا سرحد کیلئے ہے، دوسرے صوبوں کیلئے اتنا اہم نہیں ہے۔ آپ دیکھیں ہمارے صوبے میں جو قدرتی آفتیں آرہی ہیں، وہ بھی آرہی ہیں، جو انسانی آفت ہے، وہ بھی عروج پر ہے اور اس آفت کو میں کس کا نام دوں، قدرت کا نام دوں یا انسان کا نام دوں؟ اس کی سمجھ مجھے نہیں آرہی ہے کہ ہمارے صوبے پر سب سے زیادہ آفت اس طرف سے بھی آرہی ہے۔ آپ دیکھیں سوات میں جو امن وامان کا مسئلہ چل رہا ہے، جو لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ چل رہا ہے، وہاں بھی اتنی زیادہ لوڈ شیڈنگ ہے کہ ہمارے فریجز، ٹی وی، سارا سامان اپنے گھر کا تو جل گیا، اس کو تو چھوڑیں لیکن جب

بجلی چلی جاتی ہے، وہاں جو وارداتیں ہوتی ہیں، وہاں جو مسئلے آتے ہیں، وہاں جو ڈکیتیاں ہوتی ہیں، عوام کے گھروں میں گھس جاتے ہیں تو لوڈ شیڈنگ کی وجہ سے وہ بہت بڑا اہم مسئلہ جو سوات کیلئے بہت اہمیت رکھتا ہے، میں ان سے ریکویسٹ کرتی ہوں کہ سوات کے مسئلے پر ذرا غور کریں اور وہاں لوڈ شیڈنگ کی جو ٹائمنگ ہے، اس کو ذرا کم کرلیں اور خصوصاً رات کے ٹائم بالکل لوڈ شیڈنگ نہیں ہونی چاہیئے وہاں پر۔ پھر افسوس اس بات پر آتا ہے کہ جس بات پر بھی ہمارے صوبے کا نام آتا ہے تو ہمیں یہ کہا جاتا ہے کہ ہمارا صوبہ غریب ہے، جو بجلی ہے، وہ ہماری پیدا کی ہوتی ہے۔ جس طرح ہمارے عبدالاکبر صاحب نے بتایا ہے کہ پانی اور بجلی ہم پیدا کریں اور مزے تین صوبے لیں۔ ہمارے پشتو میں کہتے ہیں کہ "میم زر ما تھولہ زما" یعنی آٹا بھی ان کی مرضی ہے، بجلی بھی ان کی مرضی ہے، جو جو ہماری Facilities ہیں، جو جو ہماری معدنیات ہیں، جو بھی ہیں تو ان کی ساری Facilities ان کو ملیں، آخر ہمیں کیوں نہیں مل رہی ہیں؟ اگر ہمارا صوبہ اس کو جنریٹ کرتا ہے تو سب سے پہلے ہمارے صوبے کو پورا کر کے آگے جانا چاہیئے۔ اگر اس سے ہمارے صوبے کو کرائسس آ رہا ہے تو پھر ان کو بھی آٹے کا کرائسس آنا چاہیئے، اور صوبوں میں آنے چاہئیں۔ پھر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ سب سے زیادہ ہمارا صوبہ جو ہے تو۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: مختصر کریں، بی بی۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: ہمارے جو بزنس مین سب سے Best ہیں، ہمارے فارن ایکسچینج سب سے Best ہیں، ہمارے ہیومن ریسورسز سب سے زیادہ ہیں، منرلز، سالٹ، واٹر، بجلی، سب یہاں سے پیدا ہوتے ہیں اور اس سب پیداوار کے باوجود ہمیں اس کی کمی کا سامنا کیوں ہے؟ سی ایم صاحب سے بات کرتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہمارا صوبہ غریب ہے۔ سیلری کی بات کرتے ہیں، ہمارا صوبہ غریب ہے۔ یہاں پر بجلی کی بات آتی ہے تو ہمارے صوبے کو کرائسس زیادہ ہے۔ لوڈ شیڈنگ کی بات آتی ہے تو سب سے زیادہ اس صوبے کو کرائسز ہو رہے ہیں۔ آپ یقین کریں کہ جہاں پر، یہ Periphery کو تو چھوڑیں، Main cities میں جو پرابلمز ہو رہی ہیں، تو اس کو ہم کس کا نام دیں؟ میں کہتی ہوں کہ ہمارے صوبے کو غلط نام دیا گیا ہے، اس کو صوبہ سرحد نہیں، پختونخوا نہیں، پختون خوار ہونا چاہیئے اس کا نام۔ (تالیاں) کس چیز میں ہم آگے ہیں؟ سب چیزوں میں پیچھے ہیں۔ کل اس پر بحث ہو رہی تھی کہ پولیس کے معاملے میں ہم زیرو ہیں، وزیرستان کا مقابلہ بھی ہم نہیں کر سکتے تو صوبے کو پختونخوا کا نام کیوں دیا ہے؟ یہاں پر پختون کتنے بزنس مین ہیں، یہاں کے پختون باہر جاتے ہیں، کتنے فارن ایکسچینج وہاں سے آتے ہیں، ڈالرز کی شکل میں

آتے ہیں لیکن اس کے بعد پھر بھی ہمیں کیا ملتا ہے؟ صرف خواری ہمیں ملتی ہے۔ جو بد قسمتی ہمارے صوبے کی ہے تو میں دیکھ رہی ہوں کہ سب سے بد قسمت صوبہ یہ ہونا چاہیئے، اس کا نام 'بد قسمت صوبہ' ہونا چاہیئے یا 'صوبہ خوار' ہونا چاہیئے، اس کے علاوہ ہمارے صوبے میں ہمیں کچھ بھی نہیں مل رہا ہے۔ اس کے بعد ہمارے امن وامان کو دیکھیں، پورے پاکستان سے زیادہ امن وامان کا مسئلہ یہاں پر بنا ہوا ہے، لاء اینڈ آرڈر کا مسئلہ پر بنا ہوا ہے۔ خون خرابہ یہاں ہو رہا ہے، ڈکیتی یہاں ہو رہی ہے۔ آخر اس صوبے کی بد قسمتی کیا ہے؟ اس کی بد قسمتی یہ ہے کہ پختون پیدا ہوئے ہیں۔ اس کی بد قسمتی یہ ہے کہ یہاں غریب لوگ پیدا ہوئے ہیں۔ اس کی بد قسمتی یہ ہے کہ یہاں سرحد کے غیور عوام پیدا ہوئے جو سب سے زیادہ، پولیس میں سب سے زیادہ، جنگ وجدل میں سب سے زیادہ، جو مسئلہ آتا ہے تو پختون آگے جاتا ہے۔ سب سے زیادہ گولیاں پختون کے سینے میں جاتی ہیں اور سب سے زیادہ خوار پختون ہوتا ہے۔ آخر یہ سب کچھ کیوں ہو رہا ہے ہمارے ساتھ، آخر یہ بد قسمتی کس نے ہمیں دی ہے؟ یہ ہمیں وراثت میں ملی ہے یا یہ ہمیں گورنمنٹ سے مل رہی ہے؟ اس کا جواب تو مجھے کچھ نہیں مل رہا ہے۔ (تالیاں) دیکھیں بجلی کی وجہ سے Serious patients آتے ہے ہسپتالوں میں، ان کے ٹیسٹ رہ جاتے ہیں، آپ یقین کریں، میرا سٹی سکین ہو رہا تھا، میں آپ کو وہ واقعہ سناؤں، تو مجھے وہ کہہ رہے تھے کہ بجلی کے جانے کا ٹائم ہے آپ سٹی سکین کروائیں گی تو مشین کے اندر رہ جائے گا۔ میں نے کہا کہ میری قسمت میں ہو گا تو رہ جائے گا، نہیں تو ہو جائے گا۔ آپ یقین کریں جب میرا سٹی سکین ہوا تو انہوں نے مجھے مبارکی دی کہ شکر کرو بی بی، آپ بہت خوش قسمت ہیں کہ اس وقت بجلی نہیں گئی۔ اب یہ قسمت سے ہمارے ساتھ ہو رہا ہے کہ ہم خوش قسمت رہے ہیں کہ بجلی گئی نہیں ہے، ہماری قسمت سے اس کا Comparison ہو رہا ہے، آخر یہ کیا مسئلہ ہے، ہمارے ساتھ یہ کیا ہو رہا ہے؟-----

<u>جناب سپیکر</u>: دا بی بی ڈیرہ ښے خبرے کوی او تاسو خپلو کښې خبرے شروع کړی دی ټولو۔ (تالیاں) زیاتے کوئ هسے۔

<u>محترمہ نور سحر</u>: اگر ہمارے سی ایم صاحب اس پر غور نہیں کریں گے، ہماری پراونشل گورنمنٹ اس پر غور نہیں کرے گی تو کون کرے گا؟ اس کا علاج بھی ہے۔ ہمارے سوات کا پانی جس کو وائٹ گولڈ کو کہا جاتا ہے، اس پر چھوٹے چھوٹے پاور سٹیشنز ہونے چاہئیں جہاں پر تھوڑی تھوڑی بجلی اور زیادہ ہو سکتی ہے جس سے ہم اس کرائسس سے نکل سکتے ہیں لیکن کوئی ہو کہ آگے بڑھے۔ ہاں کوئی ہو کہ اس کام کو آگے

لے جائے نا۔ کوئی بھی نہیں ہے۔ آگے تقریریں کر کر کے یہاں سے مسئلہ کہ ہم نے یہ کہااور ہم نے یہ کیا، اگر ہم عورتیں کچھ نہیں کر سکتیں، میں پلیز، میں کہتی ہوں کہ آپ آگے آ جائیں، ہم آپ کا ساتھ دیں گے لیکن کچھ کریں اس صوبے کیلئے۔ (تالیاں) وہ جرنیل تو چلا گیا جس کا طعنہ ہم دیتے تھے، وہ چلے گئے، اب طعنہ ہمیں مل رہا ہے کہ آپ لوگوں نے کیا کیا، آپ کیا کر رہے ہیں؟ ہم لوگوں کو جواب دہ ہیں۔ ہم عوامی حکومت کی طرف سے آئے ہیں، ہم لوگوں کو کیا جواب دیں گے؟ میں آپ سے یہی ریکویسٹ کرتی ہوں کہ اس طعنے سے پلیز، اپنے آپ کو نجات دلائیں اور آئیں ہم مل کر کچھ کریں اس صوبے کیلئے۔ نہیں تو یہ بہت بڑا مسئلہ بن جائیگا۔ چاروں صوبوں میں ہمارا صوبہ کیوں پیچھے جا رہا ہے؟ ہم اگر پنجاب کا مقابلہ نہیں کر سکتے، سندھ کا نہیں، تو کم از کم بلوچستان کا مقابلہ تو ہم کر سکتے ہیں۔ ان کو وہاں پر کتنے وسائل مہیا ہیں، وہاں ان کو کتنی Facilities مہیا ہیں اور وہاں پر معدنیات کے وسائل کے بدلے اس کو مل رہی ہیں لیکن ہمیں یہاں کیا مل رہا ہے؟ ہمیں سوائے اس کے کہ ہم جس صوبے میں جائیں، ہمارا نام کوئی سنتا ہے کہ صوبہ سرحد سے آیا ہے تو کہتا ہے ہائے ہائے، توبہ توبہ، سوات سے آئے ہیں، توبہ توبہ، وہاں پر لوگ توبہ کیوں کر رہے ہیں، آخر ہم میں کیا کمی ہے؟ میں پراونشل گورنمنٹ سے ریکویسٹ کرتی ہوں کہ اس کیلئے خود بھی کچھ کریں اور ہم سب مل کر کچھ کریں تاکہ اس کرائسس سے ہم نکل آئیں۔ تھینک یو۔

<u>جناب سپیکر:</u> تھینک یو، بی بی۔ احمد خان بہادر صاحب۔

<u>جناب احمد خان بہادر:</u> **نحمده ونصل علیٰ رسوله الکریم، اما بعد فاعوذ بالله من الشيطان لرجيم ۔ بسم الله الرحمن الرحيم۔۔۔۔۔**

<u>جناب سپیکر:</u> تاسو خپلے خبرے او کړلے نو اوس نور خبرو ته نه پریږدئ جی۔

<u>جناب احمد خان بہادر:</u> ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر صاحب، تفصیل سره خبرے اوشوے د واپډے په باره کښ، د بجلی باره کښ۔ جناب سپیکر صاحب، زۀ دعوے سره دا خبره کومه چه پرون دوه نیمے گهنټے کوم بریفنگ شوے وو، د واپډے پیسکو مشران چه کوم راغلی وو، مونږه سره ناست وو، د دے هیڅ نتیجه نه خیژی۔ دا وخت ضائع کول وو، پرون هم مونږه وخت ضائع کړو او دا چه مونږه بحث کوؤ، زما په خیال په دے باندے به هم څه عمل اونه شی۔ جناب سپیکر صاحب، تاسو ته به یاد وی، یو دوه درے میاشتے مخکښ دوئ تاسو راغوښتی وو خپل چیمبر ته او ما دوئ ته وئیل چه زمونږه د مردان گرډ ډیره لویه مسئله ده، هغه په دے

ګرمئ کښې پنځلس پنځلس منټه پس Trip کوئ صرف د دے د پاره چه هغه او نه چوی۔ که تاسو ته یاد وی، پیسکو چیف ما ته اووئیل چه ما له یو میاشت ټائم راکړه۔ ما ورته په جواب کښې اووئیل چه ما له لیکلی راکړه چه ته به په یو میاشت کښې برابر کړے۔ جناب سپیکر صاحب، تاسو ما له جواب راکړو چه دا ډیر لوئے سړے دے او چه دۀ خبره اوکړه نودا خبره خبره ده، لیکلو ته حاجت نشته دے۔ زما په خیال د هغے به درے، درے نیمے میاشتے شوی وی۔ تاسو اوګورئ هغوی کله تاسو راغوښتی وو؟ جناب سپیکر صاحب، دا خو یا دوئ زمونږه دا مسئلے حل کوی نه او یا دوئ بااختیاره نه دی۔ چه څوک بااختیاره دی، هغوی رااوغواړئ، زمونږه دا مشران ورسره کښینوئ چه دا مسئلے زمونږه حل کړی۔ دویم جناب سپیکر، ګزارش زما دا دے چه د دے خلقو دا لاس زمونږه د دے ګریوان نه اوباسئ، دوئ کښینوئ او دوئ ته اووایئ چه تاسو پریس کانفرس اوکړئ، تاسو عوام ته دا خپله خبره واضحه کړئ چه ولے دا مسئله دے ځائے ته راغله؟ زۀ یو ګزارش کوم جناب سپیکر صاحب، پروسکال هم ګرمی تیره شوے ده، دا نن چه کوم ستمبر اګست روان دے، دا پروسکال هم وو، آیا پروسکال ستمبر اګست کښې دومره لوډ شیډنګ شوے وو؟ آیا پاکستان په دے یو کال کښې یو په لس ترقی کړے ده، یو په لس کارخانے لګیدلے دی؟ که چرے داسے وی نو بیا ډیره ښه خبره ده۔ وائی چه ملک ترقی اوکړه نو ځکه لوډ شیډنګ راغلو کنه۔ پروسکال دوه ګهنټے لوډ شیډنګ وو او سکال دولس ګهنټے لوډ شیډنګ دے، دا مطلب شو چه ګنی مونږه باره ټائم سیوا ترقی کړے ده۔ جناب سپیکر صاحب، دا خلق هم دهوکه کول دی او مونږه دهوکه کول دی۔ دوئ کښینول دی، دوئ سره، متعلقه خلقو سره خبره کول دی، په هائی لیول باندے خبره کول دی۔ دیکښې وزیر اعظم Involve کول غواړی، دیکښې ګورنران Involve کول غواړی، دیکښې زمونږه وزیر اعلیٰ Involve کول غواړی، جناب سپیکر صاحب، دیکښې تاسو خپل Involvement هم راولئ او دا مسئله حل کړئ۔ بل جناب سپیکر صاحب، زما ګزارش دا دے چه د دے معلومات اوکړئ چه ټرانسفرمرے چه کوم اوسوزی، د دے پیسے دوئ مونږه نه اخلی، اتهاره هزار، چرته باره هزار په ټرانسفرمر باندے وائی خرچ راځی، آیا دا پیسے دا واپډے والا بیا ځانله رااوباسی د خپل

ورکشاپ نه؟ دوئ له مونږه چنده اوکړو، ایم پی ایز هم پکښې زر اته سوه، دوه زره، درے زره روپئ واچوی خو آیا دا دوئ ځانله بیا نه رااوباسی؟ که چرے دوئ رااوباسی نو پکار ده چه هغه دے خلقو ته واپس شی بیا۔ بل جناب سپیکر صاحب، که تاسو ته یاد وی ما خپل ړومبنے تقریر چه دلته کښې کړے وو، هغے کښې ما گزارش کړے وو، ما وئیل چه د جماعتونو د بجلئ او د سوئی گیس بل معاف کړئ، علماء له تنخواه مقرر کړئ۔ جناب سپیکر صاحب، د هغے فائده دا اوشوه چه دے میاشت کښې د مردان په بلونو کښې جماعتونو پسے ئے د ټی وی هغه هم راچولی دی، د ټیلیویژن هر څومره چه وی، پنځوس یا سل روپئ وی، هغه هم د جماعتونو په بلونو کښې ئے اچولی دی، د دے تپوس اوکړئ چه دا ولے داسے شوی دی؟ بل جناب سپیکر صاحب، زما د حلقے یوه مسئله ده او هغه دا ده چه د باجوړ دا کرائسس چه هلته دی، دغه خلق مردان طرف ته راغلی دی، دغه خلقو کښې چه کوم خلق په کیمپونو کښې دی، هغه خو د څه حده پورے حکومت خپل امداد کوی، نو د یو حده پورے پکار ده چه څومره پکار دے، هغه هومره امداد نه دے شوے۔ دغلته ناست ووم، ستارے سره ما اوس بیا خبرے اوکړے، ما وئیل چه مهربانی اوکړئ، ما ورله یو لوئے لسټ ورکړو، ما وئیل چه کوم کسان په کیمپونو کښې دی، هغوی سره خو تاسو امداد اوکړو خو چه کوم کسان په کورونو کښې دی، زما رشته دار راغلی دی، ما دیره کړی دی خپل کور کښې، زما د بل ورور، زماد بل ورور د سوات نه رشته دار راغلی دی، هغوی په خپلو خپلو کورونو کښې دیره کړی دی۔ جناب سپیکر صاحب، مونږه خو ټول مالدار خلق نه یو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دے خور ته مه ورکوه، دا خواره بے وسه ده، دا دومره کورونه وران شول، هغے له ئے څه اونکړل نو تا له به څه اوکړی؟

جناب احمد خان بہادر: نو جناب سپیکر، "ملاکی دوڑ مسجد تک"، زمونږه خو د دے منسټرانو پورے منډه ده، تاسو پورے منډه ده، د وزیر اعلیٰ پورے منډه ده او زمونږه بدقسمتی ده چه هغه ځائے نه نیسی یا دوئ ټول بے اختیاره دی نو جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

جناب احمد خان بہادر: اودریږئ کنه، جناب سپیکر، زما گزارش دا دے چه دا کوم کسان په کورونو کښی دی، دوئ سره د مهربانی اوکړی، دوئ سره د امداد اوکړی ځکه روژه راروانه ده۔ مونږه خو په دے طمعه وو چه زمونږه دا عوامی حکومت به د دغه لوکل خلقو سره هم امداد کوی نو لوکل څه چه مونږه د دے نورو خلقو سره هم څه اونکړل۔ ډیره مهربانی، سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: منور خان، پلیز۔ منور خان! ډیر وخت نه، منور خان، پلیز۔

جناب سیدرحیم خان: جناب سپیکر صاحب، زۀ یوه خبره کول غواړم۔

جناب سپیکر: فلور مے هغه له ورکړے دے، اوس د منور خان نه پس به درکړم۔ دا سے څیزونه ئے لگولی دی، یو ټچ ورکړئ نو، منور خان صاحب ډیره موده پس چونکه، د دے چل ترے هیر شوے دے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، شکریہ۔ یہاں پر سر، اسرار اللہ خان نے اور باقی سارے ممبران صاحبان نے بات کی ہے واپڈا کے بارے میں لیکن مجھے یہاں کے اپنے علاقے کے لوگ اسی بات پر خوش تھے کہ اس دفعہ نیشنل عوامی پارٹی کی حکومت ہے، وہ تو جب کالا باغ ڈیم بنتا ہے تو کہتے ہیں کہ ہم اس کو بم سے اڑادینگے لیکن افسوس آج یہ واپڈا کے سلسلے میں بالکل خاموش ہیں۔ کم از کم لوگوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایسے متنازعہ باتوں سے گریز کریں، لوڈشیڈنگ پر آجائیں، لوڈشیڈنگ کا مسئلہ ہے۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں سر، میں متنازعہ بات نہیں کر رہا ہوں، میں لوڈشیڈنگ کی بات کر رہا ہوں۔ اے این پی والوں سے لوگوں کے یہ توقعات تھے کہ یہ صوبے کیلئے کچھ کریں گے لیکن آج تک میرے خیال میں اے این پی والے یہ جو اہم مسئلہ ہے واپڈا کا، چاہیئے تو یہ تھا کہ یہ مسئلہ چونکہ مرکز کا معاملہ ہے تو کم از کم اسفندیار خان فرنٹیئر کی نمائندگی کرتا ہے، وہاں پر یہ مسئلہ اٹھالیتے۔ سر، میں اپنے حلقے کی بات کر رہا ہوں کہ وہاں پر ایک سال سے ایک گرڈ بن رہا ہے، ابھی تک اس پر کام شروع نہیں ہوا اور آپ تو لوڈشیڈنگ کی بات کر رہے ہیں اور میرے حلقے میں تو وولٹیج کا مسئلہ ہے۔ بجلی اگر ہو بھی، تب کوئی فرق نہیں پڑتا، تو اس سلسلے میں سر، یہاں جتنے بھی ممبران بیٹھے ہیں، ان کیلئے ہم کہتے ہیں کہ روڈ پر نکل جائیں کیونکہ اسمبلیوں میں جو ہم تقریریں کرتے ہیں، اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے تاکہ ہم مرکز کو یہ بتادیں کہ بجلی بھی ہماری ہے اور ہم اتنے ذلیل اور خوار ہو رہے ہیں۔ میں سب ان ساتھیوں سے ریکویسٹ کرونگا کہ کل آکر اسی روڈ پر باہر نکل جائیں اور احتجاج کریں کہ کم از کم مرکز ہمارا یہ بجلی کا مسئلہ حل کرے۔ تھینک یو، سر۔

بیرسٹرارشد عبداللہ (وزیر قانون): جناب سپیکر سر،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: حکومت ورو ستو۔ پیر صابر شاہ صاحب۔ دے پسے۔

سید محمد صابر شاہ: شکریہ، سپیکر صاحب۔آج معزز ایوان میں بجلی کا موضوع زیر بحث ہے جو ایک انتہائی اہم مسئلہ ہے اور میں اس کا سارا کریڈٹ آپ کو دیتا ہوں کہ بحیثیت سپیکر آپ نے ایک انتہائی اہم مسئلے پر کل واپڈا کے حکام کو یہاں بلایا اور کچھ حقائق، کچھ چیزیں جو ہیں وہ اس ہاؤس کے سامنے، ممبران کے سامنے آئی ہیں۔ جناب سپیکر، تمام ساتھیوں نے اس پر بڑی اچھی گفتگو کی ہے اور جو منظر سامنے آیا ہے، وہ بڑا خوفناک ہے، بڑا خطرناک ہے اور یہاں پر یہ باتیں بھی ہوئی ہیں کہ صوبہ سرحد کے جو ہمارے وسائل ہیں، وہ ہمیں استعمال کرنے چاہئیں۔ یہاں پر جیسے عبدالاکبر خان صاحب نے کہا کہ ہماری Total requirement ایک ہزار میگاواٹ ہے جبکہ ہم پورے پاکستان کو بجلی مہیا کر رہے ہیں، پورے پاکستان کو بجلی دے رہے ہیں اور کم از کم صوبہ سرحد اور خصوصاً ہزارہ ڈویژن کے بارے میں کہونگا کہ ایسے وقت میں ہمارے ساتھ جو رویہ ہے، اس رویے پر اس معزز ایوان کے اندر ہمیں ایک مشترکہ لائحہ عمل بنانا بہت زیادہ ضروری ہے اور آج تو خوش قسمتی کی بات ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی کی یہاں پر حکومت ہے اور مرکز میں بھی ہماری حکومت ہے تو ایک تو ہمیں ایک مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنا ضروری ہے کہ ہم مل بیٹھ کر اس صوبے کیلئے کم از کم جو ہمارے ایک ہزار یونٹس ہیں، اس کو Guaranteed کیا جائے کہ ہمیں یہ کم از کم ملیں گے تاکہ At least جو اس صوبے اور خصوصاً ہزارہ ڈویژن کے عوام نے غازی برو تھا، ایک ایسی لکیر کھینچی گئی ہمارے سینے کے اوپر کہ ہمارے درمیان، لیکن ہم نے اس کی بھی قربانی دی، زمینوں کی قربانی دی، ہمارے جو تربیلا ڈیم کے Affectees ہیں، وہ آج بھی کاغذ اٹھائے ہوئے ہیں، ان کو جو الاٹمنٹس ہوئی ہیں سندھ اور پنجاب میں، آج تک وہ پھر رہے ہیں، انہیں کوئی نہیں دے رہا ہے، پرسان حال کوئی نہیں ہے لیکن ایک قربانی ہم نے ضرور دی اور اس قربانی پر میں کہونگا کہ وہ جو ہماری ایک حوصلہ افزائی ہونی چاہیے تھی، وہ نہیں ہو سکی لیکن میں اس کی طرف نہیں جاتا۔ ایک حقیقت ہمارے سامنے آگئی کہ یہ جو کرائسس ہیں ہمارے بجلی کے، یہ انتہائی ایک خوفناک صورتحال آج اس کرائسس نے اختیار کی ہے لیکن جناب سپیکر، میرے بھائی نے کالا باغ ڈیم کی بات کی، دوسری باتوں میں متنازعہ چیزوں میں ہم نہیں جانا چاہتے لیکن کم از کم ہم یہ ضرور کہیں گے کہ پاکستان کے اندر جو Potential ہے اور خصوصاً صوبہ سرحد کے اندر، جناب، چالیس ہزار میگاواٹ سے لیکر پچاس ہزار میگاواٹ جس کو اب تک Discover کیا گیا ہے

اور مزید اگر آپ اس پر بات کریں، کوہستان کے اندر Valleys ہیں جہاں آج تک ہماری حکومت کی سطح پر کوئی Approach نہیں کر سکا، میں کہتا ہوں کہ صوبہ سرحد میں اگر آپ کچھ بھی نہ کریں، صرف جو آپ کے پاس آپ کا یہ جو Potential ہے، آپ کے صوبہ اور شیڈو کے تحت جو ہمارے اپنے یہاں پر وسائل ہیں، ہمارا جو پانی جو اللہ نے ایک رحمت دی ہے کہ کم از کم ہم اس کو Utilize کریں تو جناب، ہم بات کر رہے ہیں صوبہ سرحد کیلئے ایک ہزار میگاواٹ کی، ہم بات کرتے ہیں پنجاب کی، ہم بات کرتے ہیں مرکز کی لیکن جناب سپیکر، جو ہمارے اپنے وسائل جو اللہ نے دیئے ہیں، ان وسائل کو ہم خود کیوں بروئے کار نہیں لاتے؟ یہ چالیس پچاس ہزار میگاواٹ جو Potential ہمارا ہے، اگر ہم اس کو استعمال میں لاتے ہیں تو جناب سپیکر، آپ پاکستان کی بات چھوڑ دیں، ہم تو اپنی بجلی دوسرے ممالک کو ایکسپورٹ کر سکتے ہیں۔ اگر اس کے باوجود آج ہماری حالت یہ ہے کہ آج ہم رو رہے ہیں اور دوسری طرف جو افسوسناک صورتحال ہے، ہم کہتے ہیں کہ "خپله خاوره خپل اختیار" ہم اس کے حق میں ہیں کہ ہمیں اپنی (مٹی) خاورے پر اپنا اختیار ملنا چاہیئے لیکن جناب سپیکر، اگر شیڈو کے اندر آپ کو ایک حق دیا گیا، ہم اس کو Utilize نہیں کر رہے ہیں، یہ ہماری نالائقی اور نااہلی ہے اور پھر جو سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اگر آپ کو ایک اختیار دیا گیا، آپ ملاکنڈ تھری، میں توجہ چاہونگا آپ کی وساطت سے سینیئر منسٹر کا، کہ ملاکنڈ تھری۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب تھوڑا۔۔۔۔۔

